Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل ،20 اگست 2024ء، 14 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 142

وفاق نے 200 یونٹ بجلی استعمال کرنے والوں کو ریلیف دیا

بجلی کے بلوں میں ریلیف، مہنگائی میں کمی اور عوام کی زندگیوں کو آسان بنانا حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، وفاقی اور پنجاب حکومتوں کی طرز پر دیگر حکومتیں بھی عوام کو بجلی کی قیمتوں میں ریلیف دے سکتی ہیں

پنجاب کی عوام کو بجلی بلوں میں ریلیف فراہمی صوبائی حکومت کا اپنا معاملہ، دوسرے حتقید کی بجائے سراہیں 'ڈسکوز کی نجکاری کر رہے ہیں، ٹارک فورس بن چکی ہے، ہمارے ریلیف کے قدم کو سب کو سراہنا چاہیے، وزیر اطلاعات

تصویر: ڈپٹی کمشنر لیٹیفن (ر) اور نگزیب حیدر خان ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ وفاق نے ٹک بھر میں ایک سے 200 یونٹ بجلی استعمال کرنے والوں کو ریلیف دیا، پنجاب کی عوام کو بجلی بلوں میں ریلیف فراہمی صوبائی حکومت کا اپنا معاملہ، دوسرے حتقید کی بجائے سراہیں۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے ملک بھر میں ایک سے 200 یونٹ بجلی استعمال (بقیہ نمبر 28)

نادہندگان سے بجلی بلوں کی ادائیگی سو فیصد یقینی بنائینگے

بجلی چوروں کو 67 کروڑ 62 لاکھ سے زائد کے جرمانے، 1907 بجلی چور گرفتار

نادہندگان سے 3 ارب 94 کروڑ سے زائد کے واجبات وصول

اسلام آباد (ٹائمز عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی پاور ڈویژن اور چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آپکو کو ڈاکٹر طاہر مسعود کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے کارروائیوں اور بل نہ ادا کرنے والے صارفین کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز (بقیہ نمبر 29)

عمران خان اور بشریٰ نی نی کا روزہ 14 جوڈیشل ریمانڈ منظور

بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے نیب کے سوال نامے کا تحریری جواب عدالت میں جمع کرا دیا

راولپنڈی (یو پی آئی) عمران خان اور بشریٰ بی بی کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ عدالت نے منظور کر لیا۔ اڈیالہ جیل میں احتساب عدالت نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سے توشہ خانہ ریفرنس (بقیہ نمبر 2)

حکومت آرٹیکل 6 لگا کر دیکھ لے میں نہیں ہوں عارف علوی

صحافی نے پوچھا کہ آپ نے جس انداز سے اسمبلی تحلیل کی اس پر آرٹیکل 6 لگانے کا کہا جا رہا ہے؟

اسلام آباد (یو پی آئی) سابق صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ یہ لوگ مجھ پر آرٹیکل 6 لگا چاہیں تو کوشش کر لیں اور اپنی خوشی بھی پوری کر لیں۔ سوشل انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں غیر رسمی گفتگو میں کہی۔ صحافی نے (بقیہ نمبر 31)

رواں سال 39968 پاکستانی کمپنیاں دبئی مڈل جسٹرڈ ہوئیں

استحکام اور ترقی کے خواہاں بھارتی اور پاکستانی کاروباری افراد کیلئے دبئی ایک بے مثال مقام بن چکا ہے

دبئی (بیٹرک ڈیک) عمارت میں سخت مالیاتی پالیسیوں اور پاکستان میں بڑھتے ہوئے معاشی عدم استحکام کے پس منظر میں دونوں ممالک کی کمپنیوں کی دبئی میں بڑھتی ہوئی تعداد سے متحدہ عرب امارات کو ایک غیر (بقیہ نمبر 30)

منیجنگ ڈائریکٹر جے پی ایم سی پروفیسر سیف الاسلام ڈپارٹمنٹ آف نیورولوجی اینڈ اسٹروک یونٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کی خدمت کیلئے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبے اولین ترجیح ہیں، مریم نواز

خدمت کا مشن جاری رہیگا، وزیراعلیٰ پنجاب

انسانیت کی خدمت کا مشن پورا کرنے کے لیے ریسکیو 1122 کو موٹر وہیز پر تعینات کیا جا رہا ہے۔ ایسے معاشرے کی تشکیل چاہتے ہیں جہاں ہر انسان کو عزت و وقار کے ساتھ جینے کا حق حاصل ہو

عوام کی خدمت کیلئے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبے اولین ترجیح ہیں، دنیا بھر میں انسانوں کی خدمت کرنے والوں کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتی 'انسانیت کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت کے لیے تعلیم، صحت اور دیگر فلاحی منصوبے حکومت کی اولین ترجیح ہیں۔ انسانیت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں مریم نواز نے کہا کہ دنیا بھر میں انسانوں کی خدمت کرنے والوں کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کا عظیم مقصد قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے انہوں نے کہا کہ خدمت میں مصروف تمام ریسکیو ورکرز، ڈاکٹرز، (بقیہ نمبر 1)

جال فار سٹیم کے زیر اہتمام طلباء و طالبات سی ویو کے ساحل سے پلاسٹک بوتل اور دیگر کچرا اٹھا رہے ہیں

سینیٹ کمیٹی نے ملک بھر میں بجلی کی چوری کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

اجلاس میں کیڈا ایس ایس او کے کرپٹ اہلکاروں کے خلاف کی گئی کارروائیوں کی تفصیلات کے بارے میں دی گئی کیسکو کی جانب سے کیے گئے اقدامات کا مکمل جائزہ لے کر 30 دن کے اندر رپورٹ پیش کی جائے

اسلام آباد (ٹائمز عوامی للکار) سینیٹ کی انٹشٹ کمیٹی برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ کیسکو کی طرف سے فراہم کردہ (بقیہ نمبر 9)

سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے بجلی کی چوری کے بارے میں ایس او کے کرپٹ اہلکاروں کے خلاف کی گئی کارروائیوں کی تفصیلات کے بارے میں وفاقی سیکرٹری پٹرولیم و قدرتی وسائل سے سوال کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیسکو کی سفارشات پر عمل درآمد پر خوش کیا گیا۔ چیئرمین

ہمارے سٹیڈیمز کسی بھی لحاظ سے انٹرنیشنل معیار کے نہیں، محسن نقوی

چیئرمین پی سی بی کا فنڈانی سٹیڈیم کا دورہ، اپ گریڈیشن پراجیکٹ کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ، پیش رفت کا جائزہ لیا

محسن نقوی نے چیمپئنز کے لئے گھدائی کے کام پر پراگرس کا معائنہ، تعمیراتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ہدایات

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے چیمپئنز کے لئے گھدائی کے کام پر پراگرس کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ پروجیکٹ کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 35)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام راؤ مشہود احمد خان 18 اگست 2024 کو ڈی ایچ اے فیز 6 سپورٹس کمپلیکس لاہور میں پاک ایم اے فیڈریشن ٹورنامنٹ برائے پاکستان کاسمیٹک ڈیک اور ایتھلیٹ شیمپئن شپ دیکھ رہے ہیں

سول ایوارڈ "ستارہ امتیاز" ملنے پر ڈاکٹر غلام محمد علی کے اعزاز میں استقبالیہ

نوجوان سائنسدان قومی غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں، چیئرمین پی اے آر سی

ڈاکٹر غلام محمد علی نوجوان سائنسدانوں اور محققین کے لیے رول ماڈل ہیں، ڈائریکٹر جنرل این اے آر سی ڈاکٹر شہزاد اسد

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) سول ایوارڈ "ستارہ امتیاز" سے نوازے جانے پر چیئرمین پی اے آر سی کے اعزاز میں قومی زرعی تحقیقی مرکز، اسلام آباد میں ایک پر وقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا اہتمام پی اے آر سی اور پاکستان بھر میں اس کے سمراکز کے سائنسدانوں اور عملے کی جانب سے کیا گیا۔ تقریب سے خطاب میں، ڈاکٹر غلام محمد علی نے اس بات پر زور دیا کہ ایوارڈ کو انفرادی کارنامے کے بجائے پی اے آر سی کے تمام سائنسدانوں اور معاون عملے کی اجتماعی کامیابی کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے قومی غذائی (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیر قانون ملک صہیب احمد کھرل بار، پنجاب بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ساتھ کورٹ فیس کے ریش پر مشاورت کر رہے ہیں

ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں، اس سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں، احمد خان بھچر

22 اگست کو اسلام آباد میں ہمارا پرامن جلسہ ہے، قائد حزب اختلاف

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں، اس سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں، پاپی پی (بقیہ نمبر 50)

خیرپور میں زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق

خیرپور (ٹائمز نگار) خیرپور میں زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد کی ہلاکت کا واقعہ خیرپور کے علاقے چج جوکھو کے گاں عنایت خان بروہی میں پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زہریلا دودھ پینے سے جاں بحق (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کا مثبت امیج بھی ابھرے گا، جب باہر کے ممالک سے لوگ پاکستان آئینگے

پاکستان قوم کیلئے فخر کا مقام ہے کہ ایک بڑا سپورٹس ایونٹ پاکستان میں آیا ہے جس میں 16 ممالک کے 180 کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں

ثبت پاکستان، خوشحال پاکستان اور مستحکم پاکستان کا عزم استحکام کے بینر کے نیچے آج آغاز ہو چکا ہے، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام راؤ مشہود احمد خان

لاہور (ٹائمز عوامی للکار) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام راؤ مشہود احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پانچ سال کے بعد یہ ایونٹ پاکستان میں بحال ہوا ہے اور وہ بہت ساری چیزیں جو پچھلے پانچ سال سے ہو رہی تھیں وہ دوبارہ بحال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح پرائم منسٹر میاں (بقیہ نمبر 6)

پارلیمنٹ ہاؤس میں چوہوں کی بھرمار

شکاری بلیوں کی خدمات لینے کا فیصلہ، 1.2 لاکھ کا بجٹ مختص

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ ہاؤس میں چوہوں کی بھرمار کے معاملے پر سی ڈی اے نے شکاری بلیوں کی خدمات لینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 5)

بہت جلد ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر لیں گے، چیئرمین سینیٹ

عوام کو ریلیف اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

تمام سیاسی جماعتوں کو ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (ٹائمز عوامی للکار) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، مجھے امید ہے کہ بہت جلد ہم ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کر لیں گے، تمام سیاسی جماعتوں کو ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میاں چنوں میں ایک (بقیہ نمبر 2)

بنگلہ دیش کا مفرور وزیراعظم کی بھارت سے حوالگی کے مطالبے پر غور

حسینہ واجد اور اسے کرفتائے کار بنگلہ دیش قتل عام کے مقدمات کی کارروائی شروع کر دی گئی

بنگلہ دیش (آن لائن) بنگلہ دیش کی مفرور وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کو بھارت میں مودی سرکار کی پشت پناہی حاصل ہے اور بنگلہ دیش کا مفرور وزیراعظم حسینہ کی بھارت سے حوالگی کے مطالبے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع میں طوٹ وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کو بھارت میں مودی سرکار کی مکمل خاموشی اختیار کرنی جبکہ حتاتی عدالتوں میں حسینہ واجد (بقیہ نمبر 5)

ایم پاکس کے کیسز کے حوالے سے صورتحال تسلی بخش ہے

ایئرپورٹس اور انٹری پوائنٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کا موثر نظام موجود ہے، ڈاکٹر مبشر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مبشر احمد تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایم پاکس کے کیسز کے حوالے سے صورتحال تسلی بخش ہے، تمام ایئرپورٹس اور انٹری پوائنٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کا موثر نظام موجود ہے، پبر ہسپتال میں آئسولیشن وارڈ مختص کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کوثر فنڈانی اسٹیڈیم اپ گریڈیشن منصوبے پر پیشرفت رپورٹ لے رہے ہیں

حکومت پنجاب کا بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو پیشگی ادائیگی کا فیصلہ

اس سلسلے میں ڈسکوز سے ریفنڈ کی صورت میں واجب الادا رقم کا تخمینہ فراہم کر دیا گیا ہے

لاہور (یو پی آئی) پنجاب حکومت نے بجلی صارفین کو فی یونٹ 14 روپے ریلیف دینے کے لیے پہلی درآمد کے لیے اقدامات کرتے ہوئے بجلی فراہم کرنے والی 5 سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو ایڈوانس میں ادائیگی کر دینا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد کے شہریوں کو بھی سستی بجلی دینے کا فیصلہ

لاہور گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان کی بجلی کمپنیوں کو خطوط بھیج دیے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بھی سستی بجلی دینے کے لیے کوشاں ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر اسلام آباد کی بجلی تقسیم کار کمپنی کو گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان کی بجلی کمپنیوں کو خطوط بھیج دیے گئے ہیں۔ سینئر (بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ: نوجوان نے بیوی کو قتل کر کے خودکشی کر لی

اوکاڑہ (یو پی آئی) گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے بیوی کو قتل کر کے خودکشی کر لی۔ پولیس ذرائع کے مطابق اگسوسائی واقع تلگرام ایڈیا میں پیش آیا۔ جاں بحق ہونے والے کی شناخت طفلین جبکہ بیوی کی شناخت حمیرا کے نام سے ہوئی۔ طفلین کی پوسٹ مارٹم کر کیے آئی ہوئی تھی (بقیہ نمبر 54)

عرس داتا گنج بخش، لاہور ہائیکورٹ سمیت ماتحت عدالتوں میں تعطیل کا اعلان

لاہور (این این آئی) حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ کے عرس پر لاہور ہائیکورٹ سمیت ماتحت عدالت میں تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے 26 اگست کو حضرت علی ہجویری کے عرس کے موقع پر چھٹی کا اعلان کیا گیا (بقیہ نمبر 6)

شادی کے دوسرے روز ہی دلہن نقدی، زیورات اور ملبوسات لیکر فرار

راولپنڈی (این این آئی) نیازی کالونی میں دلہن شادی کے دوسرے دن نقدی، زیورات اور ملبوسات لے کر فرار ہو گئی۔ پولیس کے مطابق نصر پاری کا واقعہ تھانہ نصیر آباد کے علاقے نیازی ٹاؤن میں پیش آیا ہے۔ جس کا مقدمہ بھی نقلے والے شہری کی مدعیت (بقیہ نمبر 7)

محکمہ موسمیات نے تردید کر دی

سمر اور سرسالاں میں 300 ملی میٹر بارش کا ہونیکی کر دیا جبکہ محکمہ موسمیات نے ان کے دعوے کی تردید کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سمر میں گزشتہ 2 روز سے جاری بارش نے انتظامیہ کی کارکردگی کی پول کھول دی ہے۔ شہری کی سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں جبکہ (بقیہ نمبر 9)

میئر سکھر کا ریکارڈ بارشوں کا دعویٰ،

سکھر (این این آئی) میئر سکھر ارسلان شیخ نے شہر میں 300 ملی میٹر بارش کا ہونیکی کر دیا جبکہ محکمہ موسمیات نے ان کے دعوے کی تردید کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سکھر میں گزشتہ 2 روز سے جاری بارش نے انتظامیہ کی کارکردگی کی پول کھول دی ہے۔ شہری کی سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں جبکہ (بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی روزانہ کی بنیاد پر سائیکلوں سے ملاقاتیں

عمران نواز میمن نے شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات دیئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عمران نواز میمن نے کہا کہ شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات دیئے۔ عمران نواز میمن نے کہا کہ کوئی بھی شہری اپنے مسائل لیکر ڈی سی (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام راؤ مشہود احمد خان ڈی ایچ اے فیز 6 سپورٹس کمپلیکس لاہور میں پاک ایم اے فیڈریشن ٹورنامنٹ برائے پاکستان کاسمیٹک ڈیک اور ایتھلیٹ شیمپئن شپ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بیٹری چارجنگ اسٹیشنز کے قیام کے معیار کا مسودہ تیار

پاور ڈویژن کا الیکٹرک گاڑیوں، موٹر سائیکل اور الیکٹرک رکشہ کے فروغ کے لیے اہم قدم

چارجنگ اسٹیشنز کا قیام عالمی معیارات پر عمل میں لایا جائے گا، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (ٹائمز عوامی للکار) پاور ڈویژن کا الیکٹرک گاڑیوں، موٹر سائیکل اور الیکٹرک رکشہ کے فروغ کے لیے اہم قدم۔ ملک بھر میں بیٹری چارجنگ اسٹیشنز کے قیام کے معیار کا مسودہ تیار۔ چارجنگ اسٹیشنز کو بجلی فراہم کرنے پر غور ہوا ہے، اطلاعیہ پاور ڈویژن چارجنگ اسٹیشنز کا قیام عالمی معیارات پر عمل میں لایا جائے گا، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد مسودہ جلد پاور ڈویژن سے منظور کرایا جائے گا، چارجنگ اسٹیشنز کے لیے بجلی کے کنکشنز تجنیکی بنیاد پر دیئے جائیں گے، چارجنگ اسٹیشنز کو سستی بجلی کی فراہمی پر غور کیا جا رہا (بقیہ نمبر 4)

مزدوروں سے بھری مزدا گاڑی کو حادثہ، 6 مزدور جاں بحق

زیر اعلیٰ گلگت بلتستان کا قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار

گلگت (این این آئی) شاہراہ قراقرم پر دیامر محمود کے مقام پر مزدوروں سے بھری مزدا گاڑی حادثے کا شکار ہو گئی۔ گاڑی روڈ سے پھسل کر گہری کھائی میں جا گری۔ دیامر بھاشا ڈیم پر تعمیراتی کام کرنے والے 6 مزدور جاں بحق 2 شدید زخمی۔ دیامر پولیس (بقیہ نمبر 47)

ہاتھ پاؤں بندھی ملی خاتون سے زیادتی نہیں ہوئی

خاتون روزمیرے گھر آجاتی تھی اس لیے اسے باندھ کر باہر چھوڑ دیا تھا، ملزم کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے علاقے تھانہ آبپارہ کی حدود میں ہاتھ پاؤں بندھی خاتون کے ملنے کے واقعے میں خاتون کی میڈیکل رپورٹ اسلام آباد پولیس کو موصول ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ میڈیکل رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 8)

کاغذات نامزدگی جمع کرانے و وصولی کا (آج) آخری روز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے اور وصولی کا (آج) منگل کو آخری روز ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کاغذات نامزدگی جمع کرانے اور وصولی کا عمل جاری ہے۔ کاغذات نامزدگی جمع کرانے اور وصولی کا (آج) (بقیہ نمبر 57)

25 سی ڈی کا رپورٹر کی گریڈ 14 میں بطور انٹرا آفیسر ترقی

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر کانسٹیبر ازم میڈیا ڈپارٹمنٹ (سی ڈی ڈی) میں تھانہ پرسونل بورڈ کے اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں (بقیہ نمبر 4)

چیولن کھلاڑی ارشد ندیم کی ملکیت میں بڑا اضافہ

قومی کھلاڑی کی نیٹ ورتھ 47 کروڑ کیش، 7 اپارٹمنٹس اور 9 لگژری گاڑیوں پر مشتمل ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کو پیرس اولمپکس میں 40 برسوں بعد گولڈ میڈل دلوانے والے چیولین کھلاڑی ارشد ندیم کی ملکیت میں بڑا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نہ صرف پاکستانی میڈیا سٹائس بلکہ بھارت میں بھی ارشد ندیم اور نیرج (بقیہ نمبر 33)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

منکی پاکس سے بچاؤ کے لیے اقدامات

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور بارڈرز پر منکی پاکس کے اسکریننگ کے نظام کو موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ منکی پاکس کی جانچ کے حوالے سے تمام ضروری آلات اور کٹس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ عالمی ادارۂ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی جانب سے منکی پاکس کے پھیلاؤ کو عالمی ہنگامی صورتحال قرار دینے کے بعد پاکستان میں بھی متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا تھا۔ اس کے بعد سے پاکستان میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت نے منکی پاکس کو پبلک ہیلتھ ایمرجنسی قرار دیا ہے، لہٰذا پاکستان میں بھی کڑی نگرانی کی ضرورت ہے۔ دو تین سال پہلے کورونا نے پوری دنیا میں تباہی مچا دی تھی لیکن پاکستان میں نقصانات احتیاطی اقدامات کی وجہ سے بہت کم ہوئے تھے۔ اس سے قبل پاکستان میں ڈینگی کی وبا بھی پھیلی تھی۔ ان دنوں شہباز شریف پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے۔ ان کی حکومت کے بروقت اور مناسب اقدامات کے باعث ڈینگی کے پھیلاؤ پر قابو پالیا گیا تھا۔ ایسی قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے ہمارے پاس تجربہ اور ماہرین موجود ہیں۔ وزیراعظم خود بھی فعال ہو چکے ہیں اور متعلقہ ادارے بھی متحرک کر دیے گئے ہیں۔ اس کے لیے صوبوں کو اپنا کردار جانفشانی سے ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم کے ہمالیتہ کے کوآرڈینیٹر مختار ملک کی طرف سے کہا گیا ہے کہ پاکستان میں اب تک منکی پاکس کا واحد کیس خیبر پختونخوا میں رپورٹ ہوا ہے اور اس سے متاثرہ شخص بھی دوسرے ملک سے پاکستان آیا تھا۔ محکمہ صحت کا عملہ اس کے گھر پہنچا لیکن وہ شخص گھر سے غائب تھا۔ اس سے نہ صرف اس کی اپنی زندگی خطرے میں ہے بلکہ وہ دوسرے لوگوں کے لیے بھی مسائل کا باعث بن رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، منکی پاکس کے دو مزید کیس سامنے آئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ یہ بیماری جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہوتی ہے۔ بروقت تشخیص اور علاج سے مریض جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔ اس وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جس فعالیت کے ساتھ مرکزی حکومت کام کر رہی ہے اسی طرح صوبوں کی جانب سے مرکز کے ساتھ تعاون اور ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے۔

موسمیاتی تبدیلیاں اور کم عمری کی شادیاں



تحریر: نم الدارم

سندھ کے ضلع دادو میں دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے۔ سندھ کا سیریز ایک دو تام قوانین کہاں ہے سندھ کا سیریز ایک دو تام قوانین جن پر عمل درآمد کروانا گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے۔ اور گورنمنٹ دھوی کرتی ہے کہ ہم عوام کو ریلیف دے رہے ہیں اج بھی دادو میں 45 بچیوں کو اس غدشے کے ساتھ کم عمری کی شادی کر دی گئی کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے سیلاب کی وجہ سے لوگوں کو معاشی مسائل کا سامنا ہوگا کم عمری کی شادیوں کے پیچھے جو کہانی ہے کہ بچیوں کے عوض میں شادیاں کی جا رہی ہیں یہ حقیقت ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں نے پاکستان کو بہت حد تک متاثر کیا ہے اور 77 سالہ ریکارڈ بارشوں کی وجہ سے جنوبی پنجاب اور سندھ میں ریکارڈ بارشیں ہونے کی وجہ سے نظام زندگی درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے کم دوسری طرف کھوکھی اقدامات پر بھی توجہ دی تو سالیہ نقشان ہے 2017 کے سیلاب میں بھی سندھ اور جنوبی پنجاب میں ریکارڈ تباہی پھیلی تھی لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ دربدر پھر رہے تھے۔ مال مویشی گھر بار تو بہ ہی جاتے ہیں لیکن ان بچیوں کے خواب اور ان کا مستقبل بھی بہہ جاتے ہیں ایک طرف حکومت بچیوں کو تعلیم پر فوکس کرنے کے لیے انرمنٹ میں اضافہ چاہتی ہے تو دوسری طرف کم عمری کی شادیوں کی ریٹ میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے کم عمری کی شادیوں سے بچیوں سے ان کا بچپن چھین کر ان کو جسمانی جذباتی اور نفسیاتی مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے والدین تو کم عمر بچیوں کی شادی کر کے اپنی ذمہ داریاں سے فارغ ہو جاتے ہیں لیکن وہ کم عمری میں وہ اتنے گھمر میں جا کر کریں گی کیا جس وجہ سے خواتین کو مراسلہ کے واقعات میں بھی اضافہ ہوا ہے ورز بروز اضافہ ہو رہا ہے اپنے گھر کی عورتوں کو تعزت دینے کی بات کرتے ہیں لیکن ابتدائی طور پر ہمارے رویے عورتوں اور بچیوں کی زندگی میں بہتری لانے کی طرف کیوں نہیں سوچتے ایسا دل خراش واقعہ جس میں غربت اڈے اسے اور زیادتی میں بچیوں کی شادی کی جائے اور لاچی کا عضر شامل ہو تو مسائل اور زیادہ بڑھ جاتے ہیں ان کی شادیاں اندر نہ صرف اور ستر کرتی ہیں بلکہ اس کے نتائج نوجوانوں پر بھی ہوتے ہیں کم عمری میں شادی کرنے والے لوگوں کو لکھوڑ پاڑنا پڑتا ہے جس سے ان کی پہلا نخوں پر کام کرنا پڑتا ہے جس سے ان کی ذہنی صلاحیتیں متاثر ہوتی ہیں اور انسان کی صحت متاثر ہو جاتی ہے بہت چھوٹی عمر میں ایک خاندان کی کفالت کی ذمہ داری کے جدید جہد کرنی پڑتی ہے کم عمری کی شادی نہ صرف لڑکیوں کو بلکہ لڑکوں کو بھی معاشی طور پر ہا اختیار بنانے میں بہت بڑی رکاوٹ ثابت ہوتی ہے اس وجہ سے ابادی کے سیلاب میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے کم عمری کی شادی کی وجہ سے ماؤں کی دوران زچگی اموات کی شرح میں خوفناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے کم عمری کی شادی کے ذمہ داروں کے خلاف قانون حرکت میں اجانا ہے اور سننے میں ایا ہے کہ گورنر سندھ نے اس دل خراش واقعہ پر ایکشن بھی لیا ہے لیکن وہ جرم جو فاحش کی صورت میں سرزد ہو گیا وہ تو دوبی کا دوبی برقرار رہے گا چند دن میڈیا کی زینت بننے کے بعد ان بچیوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوگا موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے والدین کو غدشات کی نظر ہو گئیں کم عمری کی شادی کے کافردں میں تو ناپسندیدہ عمل ہے بھوہ فرسودہ جنا کون اثرات کی حال زخم لگھا جاتا ہے یہ کین زمینی حقائق اور اعداد و شمار مختلف ہیں میری نظر میں معصوم زندگیوں سے کھلواڑ کے پیچھے جہالت بڑی وجہ ہے ماضی میں بھی اگر دیکھا جائے تو جب کرونا کے حالات میں بھی لوگوں نے غربت اور عدم تحفظ کی وجہ سے اور بے شمار سکیورٹی کے مسائل کا بہانہ بنا کر کم عمری میں بچیوں کی شادیاں کر دیں بچیوں سے جوان کا بچپن چھینا تعلیم اور صحت کے مواقع اور روزگار کے مواقع چھینے کے اس میں کہیں نہ کہیں ہم سب بھی شامل ہیں اور حکومتی ادارے بھی شامل ہیں اور حکومتی قانون سازی بھی شامل ہے موسمیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم ایسے اقدامات کریں کہ اس سے نہ صرف بزرگ خواتین بچیاں بچے بہتر انداز سے زندگی گزار سکیں نہ کہ اس طرح کے اقدامات کیے جائیں جس سے مسائل پیدا ہوں موسمیاتی تبدیلیوں سے اخر لڑکیاں ہی خطرے میں کیوں؟

کوکو پاؤڈر کا استعمال کولیسٹرول، BP اور شوگر کم کر سکتا ہے

ایک تازہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ قدرتی جڑی بوٹیوں سے حاصل ہونے والے کوکو پیج کے پاؤڈر کا استعمال صحت پر بے شمار فوائد کا حامل ہیں جو بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے سمیت بلڈ شوگر اور کولیسٹرول بھی متوازن رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ کوکو پیج سے حاصل ہونے والا کوکو پاؤڈر عموماً چاکلیٹ، کافی، چائے کی پتی، آئس کریم، مشروبات اور ادویات میں ذائقے کے استعمال کیا جاتا ہے۔ برطانوی ماہرین کی جانب سے کی گئی ایک تازہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ کوکو پاؤڈر میں 300 سے زائد صحت مند مرکبات پائے جاتے ہیں اور یہ اینٹی آکسیڈینٹ کی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے۔ کوکو پاؤڈر میں وٹامن کے، ای، پروٹین، کیلشیم، سوڈیم، پوٹاشیم، زنک، فاسفورس، آئرن، اور میگنیشیم بھی پایا جاتا ہے جو انسانی صحت کے لیے نہایت ضروری قرار دیا جاتا ہے۔ غیر ملکی ویب سائٹ 'ہیلتھ لائن' کے مطابق برطانوی ماہرین کی جانب سے محدود مردا خاکاروں پر کیے تجربہ کیا گیا ہے۔ اس تجربے کے لیے ایک درجن کے قریب افراد کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا اور پھر ایک گروپ کو 'کوکو پاؤڈر' کا استعمال کروایا گیا جبکہ دوسرے گروپ کو مصنوعی کیپسول دیے گئے۔ دونوں گروپس کا چند ہفتوں تک روزانہ کی بنیاد پر متعدد بار چیک اپ کیا گیا۔ تحقیق کے دوران ماہرین نے رضاکاروں کو خوراک دینے کے تین گھنٹے بعد اور پھر ہر ایک گھنٹے بعد چیک کیا، ماہرین نے رضاکاروں کی دل کی دھڑکن، گلی اور اس کے ساتھ کسول رہے گئے تھے فضلیں اجزا کی تعیین نظام زندگی درہم برہم ہو گیا تھا لیکن ماحولیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ کرنے کے لیے ہم نے کیا اقدامات کیے ہم نے اس وقت بھی جب بچیوں خصوصا مظلوم لوگوں پر فوکس نہ کیا تو پھر لوگوں کے دلوں میں غدشات بڑھے اور اس طرح کے اقدامات 2024 میں دیکھنے کو ملے اور معصوم بچیوں سے ان کا بچپن چھین لیا گیا جو 18 سال سے کم تھیں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہمیں تھے نکاح رجسٹرار نکاح خواں کیا کھتی قانون سازی کے حوالے سے ان کو کیا ہی یقینی بات تو یہ کہ جب یہ منصوبہ بندی ہو رہی تھی یہ ایک گھنٹوں کا کام نہیں بلکہ دنوں پر محیط ہے تو اس وقت کیونکی کہاں تھی اور کیوں نہ بلدی کی تباہی اگر مگ میں موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے ہو یا کوئی بیماری یا وبا پھیلی جائے تو اس کی زد میں بچیاں اور خواتین ہی کیوں اتی ہیں فاحشل مسائل کا شکار بچیوں کو ہی کیوں ہوتا ہے فاحشل مسائل غربت ہو تو بچیوں کو بوجھ اور کم تر کیوں سمجھا جاتا ہے اور دوسرا سوال یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ بچیوں کی شادی کر دی جائے تو وہ دوسرے گھر چلی جائیں گی اور خرچ بچ جائے گا کوئی سوچا کہ دوسرے گھر میں وہ جو اکر اپنے بچپن کے دنوں میں کیا کر سکیں گے وہ تعلیم کو خیر اباد کر دیں گی وہ صحت سے متاثر ہوں گی وہ ازدواجی زندگی کو نبھن گزار سکیں گی اور اس سے معاشرے پر بھی اثرات رونما ہوتے ہیں اور طلاق سے ریٹ میں اضافہ ہوگا موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات خواتین خصوصا بچیوں پر ہی زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں سیلاب سے بلڈ پریشر، بلڈ شوگر، کولیسٹرول اور شریانوں کی صورتحال پر نظر رکھی۔ محققین نے اس تحقیق کے نتائج سے اخذ کیا کہ 'کوکو پاؤڈر' کا استعمال کرنے والے افراد میں بلڈ پریشر، شوگر اور کولیسٹرول نارمل رہا اور ان کی جسمانی شریانوں کی سختی بھی کم آئی۔ ماہرین نے تجویز کیا ہے کہ 'کوکو پاؤڈر' کی متوازن مقدار والی غذائیں کھانے سے بلڈ پریشر، بلڈ شوگر اور کولیسٹرول قابو میں رہتا ہے اور ساتھ ہی جسم میں موجود شریانوں میں نرمی کے سبب انسان قبض جیسی شکایت سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

شعور بندگی

ڈاکٹر نورین اکرم راٹھور (جرمنی)

میں نے زندگی میں بہت اتار چڑھاؤ دیکھے۔ ٹوٹ کر بکھرنے اور پھر سنبھلنے کے عمل سے گلی بار گزری۔ ہر دفعہ درد کا انداز نیا تھا اور ٹوٹ کر بکھرنے کا بھی مختلف طریقہ ہوتا تھا۔ سمجھ نہیں آتی تھی کہ میرے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔ آخر میں ہی کیوں اس تکالیف کا شکار ہوں؟ کیوں مجھے ہی آزمایا جا رہا ہے؟ دنیا میں سب لوگ خوش ہیں میرے سوا، سب ہنستے ہیں، زندگی کو جیتے ہیں۔ یہ درد اور آنسو میرے حصے میں کیوں آتے ہیں؟ بس اسی طرح سوچتے سوچتے ایک باب زندگی کا بند ہو گیا تھا۔ پھر تنہائی اور خاموشی میری ساتھی بن گئیں اور میں نے اپنے درد سے خاموش گفتگو کی۔ جتنے سوال تھے، اتنے ہی کیے۔ اظہار ہوئی آنکھیں گلی بار۔ رقت طاری ہوئی، سجدے میں گرتی اور گھنٹوں روتی رہتی کہ میرے ساتھ ہی کیوں ایسا ہو رہا ہے؟ جس سے بات کی، اس نے دلخیفہ تھما دیا کہ اسے پڑھو۔ پڑھتی رہی، گھنٹوں گزر جاتے، ، سوالوں کے جواب نہ ملے۔ حالت دیکھی کی دیکھی رہی۔ زندگی اسی کشمکش میں گزر رہی تھی کہ سجدے میں گرتی اور روتی رہتی کہ ایک وقت میں تین روز پیسے اندر سے قلب کو چیر دیا گیا ہو۔ سب کچھ بکھر گیا، کچھ باقی نہیں رہا، سوائے اندھیروں کے۔ میرے پاس دعا کے سوا کوئی راستہ نہیں تھا۔ اپنوں کے جانے کا دکھ جس نے مجھے مار دیا، زندہ تھی مگر زندگی نہ تھی۔ بس خاموشی اور تنہائی میرے ساتھ تھیں۔ پھر ایک دن اندر سے دستک سنائی دی۔ دستک قلب پر ہوئی اور در روح کھلا۔ آواز آئی: ''میں ہوں تمہارے ساتھ تمہیں کس بات کا غم ہے؟ کیا میں تمہارے لیے کافی نہیں؟'' بس یہ الفاظ تھے کہ میرے درد میں ایک کی سوچ نے تھما لیا۔ یہ الفاظ نہیں بلکہ جام حیات تھے۔ پھر میں وہ ذکر نہیں بھی جو ٹوٹ کر بکھر گئی تھی، بکھر گئی تھی اور تنہائی میں قید تھی۔ اب میری تنہائی کا ساتھی آپ کا تھا جس نے قلب کے دروکھول دیا، اور پھر ذکر تھمی سے کھلا۔ جس ذکر کو میں نے خاموش ہوں اور تنہائی میں کیا تھا، وہ کلام تھا اپنے رب سے، اور جواب بھی اسی کے پاس تھا۔ بس مجھے راستہ مل گیا۔ پھر میرے سوال ہوتے، باتیں ہوتیں، اور میرا رب سنتا تھا۔ میں بات کرتی تھی، وہ سنتا تھا۔ اس یقین نے میرے اندر گھر بنا لیا اور مجھے میرے سوالوں کے جواب ملنے لگے۔ میرے سوچ، میرے آنسو، میری تنہائی اور خاموشی نے مجھے اتنا مضبوط کر دیا، اتنا ثبت کر دیا کہ میں مکمل بدل چکی تھی۔

مجھے ساری دنیا سے محبت ہو گئی، قدرت سے محبت ہو گئی۔ ہر ایک انسان مجھے عزیز ہو گیا، یہ تھا ثبت سوچ کا اثر۔ پھر میرے الفاظ دعائے خیر میں بدل گئے۔ میں برائی کا جواب بھی مسکرا کر دینے لگی کیونکہ میں ان حالات کو سمجھ چکی تھی جن میں انسان دوسروں کو زد مار ظہیر اکر خود کو بڑا سمجھنے لگ جاتا ہے۔ مجھے اب ان کے لیے دعائے خیر کرنی تھی۔ یہاں مجھے شعور کی منزلوں کا ادراک ہوا اور میں نے سمجھا کہ انسان پہلی شعور کی سطح پر بدلکا ہی کا جواب بدلکا ہی دیتا ہے، برے کے ساتھ برا کرتا ہے، اینٹ کا جواب پتھر ہے۔ دوسری شعور کی سطح پر انسان بدلکا ہی کے جواب میں خاموشی اختیار کر لیتا ہے کیونکہ وہ اندر کی کیفیت کو جان لیتا ہے اور بدلکا ہی کرنے والے کو اپنے حال پر چھوڑ دیتا ہے، دعائے خیر دے کر گزر جاتا ہے۔ پھر اسے شعور کی تیسری سطح پر لایا جاتا ہے، جہاں انسان نہ صرف اپنے جذبات پر قابو پا لیتا ہے بلکہ برے الفاظ کا جواب بہترین اخلاق سے دیتا ہے کیونکہ اس کے پاس دینے کے لیے خیر ہی خیر ہوتی ہے، وہ اور کچھ دے ہی نہیں سکتا۔ شعور کی اس سطح پر جب انسان آ جاتا ہے تو معاشرے میں اچھا اخلاق پروان چڑھتا ہے، علم پھیلایا جاتا ہے، لوگوں کے قلوب سے کام ہوتی ہے، اور یہی راستہ علم کے حصول کے لیے جاتا ہے۔ اشرف المخلوقات انسان بننے کے سفر پر گامزن تھا، وہ علم، اخلاق سکھاتا ہے اور گول بوتا ہے۔ علم اور عمل دونوں ایک دوسرے کے ساتھ جڑ جاتے ہیں۔ اس سطح پر آپ کو علم عطا ہی نہیں ہوتا اگر آپ عمل سے خالی ہوں، کیونکہ ان دونوں کے لیے اخلاق کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ ضروری ہے کہ شبت رہو کیونکہ تمہارے اندر جو زبان ہے، وہ باہر والے بھی سنتے ہیں۔ انسان اپنی طرف سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ جب یہ ساری حقیقتیں مجھ پر کھلیں تو میرے اندر کیفیتیں ہوئی سمندر کی لہروں کو سکون مل گیا اور میں پھر سے ''میں'' نہیں رہی، بلکہ ''تم'' سے بچ چکی تھی۔ میرا وجود مٹ چکا تھا اور اس کا کلام گفتگو کرتا تھا۔ میرا کچھ نہ رہا، میری ہستی مٹ چکی تھی، اور مجھے میرے ہونے کا مقصد سمجھ آ چکا تھا۔ اب میں خاموش ہوں اور وہ بولتا ہے، اگر سنتے ہیں، اور میں سجدہ شکر کرتی ہوں۔

SHOWBIZ شوبز

ماضی میں 2 کامیاب ترین اداکاراؤں کو ڈیٹ کیا: رنبیر کپور

دیپکا پڈوکون سے بریک اپ کے بعد رنبیر نے کترینہ کیف سے تعلقات رکھے

سٹی (این این آئی) بالی وڈ کے خوبرو اداکار رنبیر کپور نے اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے ماضی میں دو بہت ہی عقیل اور کامیاب اداکاراؤں کو ڈیٹ کیا۔ حال ہی میں رنبیر کپور نے ایک پروگرام میں شرکت کی جس میں انہوں نے اپنی ماضی کی زندگی پر بات کی، ساتھ ہی انہوں نے اپنے کیریئر سے متعلق کئی انکشافات بھی کیے۔ دوران انٹرویو اداکار نے کہا میں نے ماضی میں دو بہت ہی کامیاب اداکاراؤں کو ڈیٹ کیا تھا جن سے ریک اپ کے بعد بھی دھوکے باز ہونے کا لیبل ملا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے اپنی زندگی کا ایک بہت بڑا حصہ دھوکے باز ہونے کے لیبل کے ساتھ گزارا ہے

حبا بخاری کا برائیڈل فوٹو شوٹ مداحوں کی توجہ کا مرکز

حبا کی عمروی جوڑے میں ویڈیو نے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ حبا بخاری کا برائیڈل فوٹو شوٹ مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ کزشتہ دنوں حبا بخاری نے معروف کاسمٹک برانڈ کیلئے برائیڈل فوٹو شوٹ کروایا جس کی ویڈیو انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے شیئر کی۔ ذکورہ ویڈیو میں حبابخاری نے عمروی جوڑا زیب تن کر رکھا ہے، جوڑے پر اداکارہ نے کامدار لہاں کو مزید جاذب نظر بنا رہے ہیں۔ اداکارہ نے ہلکا گلابی پرائیویٹ پارٹی کیلئے برائیڈل میک اپ کیا جس کی ویڈیو انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل

عفت عمر کی بولڈ تصاویر پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

52 سالہ اداکارہ کا خود کو جوان سمجھنا مداحوں کو ایک آنکھ نہ بھایا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ اور ٹی وی ہوسٹ عفت عمر کی بولڈ ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین آگ بگولہ ہیں اور اس تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ 52 سالہ اداکارہ عفت عمر یوں تو اداکاری کے علاوہ اپنے بولڈ ڈریسک سنس کی بدولت خبروں کی زینت بنی رہتی ہیں لیکن اب ان کی ایک تصویر نے سوشل میڈیا پر طوفان برپا کر دیا ہے۔ فیشن کی آئیکون مانی جانے والی اداکارہ نے اپنے زندگی کا ایک بہت بڑا اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر 2 جولائی کو ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے اپنی ظہیر اس میں امریکہ کی سڑکوں پر سٹرکشن اور فوٹو شوٹ کرتے دیکھا

ویا بالن کی پاکستانی ڈرامہ ڈائیلاگز پر لپسنگ، ویڈیو وائرل

ڈائیلاگز پر بھارتی زبان بھوجپوری کا تڑکا لگا کر سب کو ہنسنے پر مجبور کر دیا ہے

سٹی (این این آئی) بالی وڈ انڈسٹری کی معروف اداکارہ ویا بالن نے پاکستانی ڈرامے کے ڈائیلاگز پر بھارتی زبان بھوجپوری کا تڑکا لگا کر سب کو ہنسنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اداکارہ ویا بالن فلمی اسکرین پر چاہے ہی کم نظر آئیں مگر سوشل میڈیا پر خوب متحرک نظر آتی ہیں۔ ویا بالن کی مزاحیہ ویڈیوز اکثر اوقات ہی سوشل میڈیا پر وائرل نظر آتی ہیں جنہیں انہی ان کے فالوورز کی جانب سے خوب پزیرائی ملتی ہے۔ اداکارہ نے اب حال ہی میں پاکستانی ڈرامہ سیریل 'لاپتہ' کے مجدد ڈائیلاگز پر لپسنگ کی ہے۔

مداحوں کا انتظار ختم، سلمان اور جیکی 12 سال بعد پھر ساتھ آنے کیلئے تیار

سٹی (این این آئی) بالی وڈ کے مشہور اداکار سلمان خان اور جیکی 12 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ اسکرین پر نظر آنے کیلئے تیار ہیں۔ دونوں اداکار آگاز کی پوسٹر پر بہت گلیمر اس آف سرداز' میں نظر آئے ہیں جو ہدت مرکزی کردار نبھا رہے۔ سلمان خان نے کام پر ہاؤس میں پروڈیوسر کے ساتھ گیٹ میں ٹھکانی دیدہ۔ تاہم اب امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ دونوں اسٹار پھر سے ایک ساتھ نظر آئیں گے۔

عامر خان کا فلموں سے نئے ٹیلنٹ کو موقع دینے کا فیصلہ

اب مجھے احساس ہو گیا ہے کہ اب میں ہر کہانی میں کام نہیں کر سکتا، عامر خان

سٹی (این این آئی) بالی وڈ کے بے اسٹار عامر خان نے فلموں میں نئے ٹیلنٹ کو موقع دینے کا فیصلہ کر لیا۔ عامر خان نے فلم لاپتہ لیڈیز کو پروڈیوس کرنے سے متعلق بتایا کہ انہوں نے یہ فیصلہ اجرت سے ٹیلنٹ کیلیے مواقع پیدا کرنے کیلیے کیا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اب مجھے احساس ہو گیا ہے کہ اب میں ہر کہانی میں کام نہیں کر سکتا۔ کرن راؤ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم لاپتہ لیڈیز کی سپریم کورٹ میں خیبر، ان کے خاندانوں اور اپلیکیشن کیلیے اسٹریمنگ کی گئی۔

بھومی پدنیکر کی بولڈ ساڑھی میں قاتلانہ ادائیں

اداکارہ بھومی پدنیکر سال 2023 میں چار فلموں میں نظر آئی تھیں

سٹی (این این آئی) بھارتی ٹیلی وژن اداکارہ بھومی پدنیکر نے بولڈ اداز میں ہتھی گئی خوبصورت سیاہ ساڑھی کی تصاویر سوشل میڈیا کی زینت بنا کر مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ اداکارہ بھومی پدنیکر بمعروف ڈیزائنر 'کومو کیتا' کی ڈیزائن کی گئی سیدیت کے ساتھ میں ڈھلی سنہرہ ڈیزائن کی 'شمری پلو ساڑھی' کی تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر مداحوں کیلیے جاری کیں قمرا نے اداکارہ کے بولڈ اداکاری کی تعریف کے باندرہ کے بھی اپنے مغربی فیشن سنس کو دیسی لک سے ڈھال کر رکھ دیا اور پوزیٹ کرنے کی وجہ سے بیشہ خبروں کی زینت بنی رہتی ہیں اداکارہ کی سیاہ ساڑھی بھی ان کے دیسی فیشن سنس کی بھرپور عکاسی کرتی نظر آرہی ہے۔ بولڈ بریلیٹ بلاؤز کے ساتھ اداکارہ نے اپنے لک کو اینٹینٹ ٹیک مین کی جس میں 16 سیمیں حصہ لیں گی، بھارتی گم الاز کا دفاع کرتے گی۔ کہہ اے میں اٹھزا،

SPORTS سپورٹس

اسلام آباد (اے ایف پی) کرکٹ کھیلنے والوں میں شامل ہیں، اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین ذکا اشرف نے کہا ہے کہ وہ ہم پلیٹک کنٹیکٹ کے معیار کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی خصوصی ضروریات کے مطابق ہوسکے۔ یاد رہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن اگلے ماہ شروع ہونے والا ہے۔ پی سی بی نے اعلان کیا ہے کہ ایونٹ کیمپین تمام سینئر ریجنل ڈومیسٹک ایونٹس میں استعمال کیا جائیں گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کرس روٹ لیول اور ہاتھ سے کرکٹ بال acelin اعلانات اور grays گریز براڈکی کیمپین استعمال کرے گا۔

کرکٹ بورڈ کی چار بااثر شخصیات کو خلاف ضابطہ لاؤنسز دیے جانے کا انکشاف

اخلاق اداکیاں لینے والوں میں شامل ہیں، دسمبر 2022 سے جون 2023 تک بورڈ کے صرف 5 اجلاس ہوئے، چاروں ممبران پانچ ماہ 11 روز کی اداکیاں لی گئیں، چاروں ممبران کنٹری، مارچ، اپریل اور جون کی اداکیاں کی گئیں۔ جن میں ممبر منیجنگ کمیٹی 14 لاکھ 6 ہزار روپے، بکیل تھا 14 لاکھ 6 ہزار، ایڈیسر 5 لاکھ، محمد ہارون رشید 3 کروڑ 11 لاکھ کی اخلاق اداکیاں کی گئیں، ممبر محمی بکیل تھا، اعزاز سید، ہارون رشید نے ایڈمنسٹریٹر جنرل نے خلاف ضابطہ قرار دیے ہے۔ رکھنے کرنے کی سفارش کردی۔ تفصیلات کے مطابق آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کے مطابق پی سی بی کے چار بااثر ممبران کو 3 کروڑ 11 لاکھ کی اخلاق اداکیاں کی گئیں، ممبر محمی بکیل تھا، اعزاز سید، ہارون رشید

ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال کا جشن منانے کی تیاریاں

آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان اہم ٹیسٹ میچ مارچ 2026 میں ملبورن میں کھیلا جائے گا

ملبورن (این این آئی) ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال مکمل ہونے کا جشن منانے کے لیے آسٹریلیا اور انگلینڈ ٹیسٹ میچ کھیلیں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ ٹیسٹ کرکٹ کے 150 سال مکمل ہونے پر بھرپور جشن منایا جائے گا۔ 1971-97 کے سیزن کے بعد پہلی مرتبہ مارچ میں آسٹریلیا میں ٹیسٹ میچ ہوگا۔

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کپتان شاہین آفریدی ٹیسٹ میچ میں حصہ لے رہے ہیں (فوٹو: این این آئی)

ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کا بنگلادیش میں انعقاد مشکل

آئی سی سی نے بنگلادیش کو ایونٹ کی میزبانی کا گرین سگنل نہیں دیا

ٹرفیل ایڈوائزری جاری کر رہی ہے، چاروں ممالک کے ٹرفیل ایڈوائزری سے دستبردار ہونے کی صورت میں ہی ایونٹ بنگلادیش میں ہوگا۔ میڈیا رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے ایک آفیشل کا کہنا ہے کہ میزبان ہونے کی حیثیت سے آئی سی سی کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ 4 ممالک کی ٹرفیل ایڈوائزری کی وجہ سے خدشات پائے جاتے ہیں، ایڈوائزری برقرار رہتی ہے تو ایونٹ کی میزبانی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور وقت بہت کم ہے، آئی سی سی کو جلد فیصلہ کرنا ہے۔

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے ہوم ٹیسٹ میچوں میں کوکا بورا گیندیں استعمال ہونگی

ڈومیسٹک ریڈبل بال کرکٹ میں ڈیوک اور وائٹ بال کرکٹ میں کوکا بورا استعمال ہوگی

راولپنڈی: پاکستان کپتا کھلاڑی بابر اعظم ٹیسٹ میچ کیلئے پریکٹس میں مصروف (فوٹو: این این آئی)

لاہور (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے سات ہوم ٹیسٹ میچوں کے لیے کوکا بورا کرکٹ گیندوں کے استعمال کا فیصلہ کیا ہے۔ ان میچوں میں بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ، انگلینڈ کے خلاف تین ٹیسٹ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف دو ٹیسٹ شامل ہیں۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ بال ٹیکنالوجی کے مطابق ہوم بورڈ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کرکٹ کی گیندوں کے برانڈ کے بارے میں فیصلہ کرے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے 2024-2025 کے سیزن میں استعمال ہونے والی

آئی سی سی انڈر 19 ویمنز ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2025 کے شیڈول کا اعلان

میزبانی ملائیشیا کرے گا، ایونٹ 18 جنوری سے 2 فروری 2025 تک کھیلا جائے گا

دبئی (اے ایف پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی

آئیسکو بجلی میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 20 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

سلطان فیڈر زمرد راولپنڈی کینٹ سرکل، پی ڈبلیو ڈی 11، ممبر رہائش، لالہ زار اول کوٹلی، ایم ایس ایل آئی اے اسٹیٹ، ایم ایس ایل ایکسٹینشن، ایم ایس ایل ہاؤسنگ کالونی فیڈر، زکریہ سرکل ویدیہ 1 ٹمبرلانہ فیڈر، چکلالہ سرکل، راولپنڈی فائن، جوہرکلاسک فیڈر، چک بیلی فیڈر، 08:00 سے 12:00 تک، اسلام آباد سرکل، ٹوپہ، چترپارہ، ڈی ڈی سی فیڈر زاور کروڑاور بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی بحالی کا شیڈول بھی پیش کیا جائے گا۔

راولپنڈی ریجن میں 5 مشینرفروشوں گرفتار، 5 کلو چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 5 مشینرفروشوں کو گرفتار کر کے 5 کلو چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کا مشینرفروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہے، 05 مشینرفروشوں کو گرفتار کر کے 05 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی، تھانہ صدر پولیس نے مشینرفروشی پر 1 کلو، بارہ مہتاب نے 01 کلو 480 گرام چرس برآمد کی، مدیدہ راولپنڈی نے مشینرفروشی پر 01 کلو 650 گرام چرس، ملزم عارف سے 820 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ملزم ارسلان سے 550 گرام چرس، سول لائنز تھانہ پولیس نے ملزم عامر سے 520 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کو قرار واقعی سزادلانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، مشینرفروشی کے خلاف خاتمے کے لیے مشینرفروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی، چیک پوسٹ آفیسر مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا ٹرن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک پوسٹ آفیسر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عاکف سعید کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2022 سے تھانہ نیو ٹرن پولیس کو مطلوب تھا، اس پر دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا تھا، اشتہاری مجرم کو زیر حراست لیا گیا، ملزم کو قرار واقعی سزا دلانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، اشتہاری کو ہر ممکن قانونی طریقہ سے پکڑا جائے گا۔

راولپنڈی، شراب سپلائر گرفتار، 24 بوتلیں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کر کے 24 بوتل شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 24 بوتل شراب برآمد ہوئی، ملزم کے دیگر ساتھیوں کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ 1

جانے والا ہے، اسی طرح بسی کے ساتھ بارہ سے چار بجے کریا روڈ کی گلیوں میں کن پیدہ افراد کی پیاسی جاری ہے اور رہے گی۔ کیفوں کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے کینٹ بورڈ خطیفہ اشرفان کو متعدد بار شکایات کر چکے مگر کوئی خطوط نہ ہوئی جس کی وجہ سے پانی لے کر جانے والے افراد کو پریشانی ہو رہی ہے، شہر کے اور بزرگ خواتین بھی پانی لے فرلوں پر دور دراز سے پانی لے کر جاتے ہیں، شہری آباد کے کیفوں نے کی ای او کینٹ بورڈ راولپنڈی سے جاری کیا اور پانی کی کٹ اور انتظام اشرفان کی طرف بھرنا بھرنا نقطہ کا لوش لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 2

ملزم کے دوسرے ساتھی کی حالانکہ ابھی تک ہے گرفتار نہیں ہوا ہے فرار ہے واقعہ کے ساتھ کے مدعا کو شہر ہے ماڈیول پمپ پر بیٹرول بھروانے آیا تھا، اس دوران پٹرول پمپ ملازم اور ملزمان کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ ملزمان نے والیوں پر فائرنگ کی، پٹرول پمپ پر فائرنگ کی جس سے جاں بحق ہوگیا بالکیا رائیڈ رپٹرول کو لٹنے سے جاں بحق ہوگیا تھا جبکہ پمپ کا ملازم مجیر زخمی ہوا تھا۔

بقیہ 3

بے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں ہوئے والے جانی مالی نقصان پر افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سوگوار خاندانوں کی ہر ممکن مدد کریں گے اور شہریوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ہم بارے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اس مشکل وقت میں انہیں صبر اور ہمت عطا فرمائے۔

بقیہ 4

کو جیل کر کے ڈپٹی کمشنر نادرا سے حیرت تھیلنے کو دیا گیا ہے۔

بقیہ 5

شاہان علی خان اور دوکر کے ساتھ صرف حق علی خان کی ٹرمپ پر چوٹ جاری ہے کھول لڑائی کے اور دعا کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ راحت تلخ علی خان نے صرف حق علی خان کی 27 جیتی کے موقع پر کیا کہ یوں ہی نہیں ہوا اور گھر والوں کے لیے سب کے سب کھیلوں کے ذریعے سے ہی ہوتا ہے اور گھر والوں کے لیے سب کے سب کھیلوں کے ذریعے سے ہی ہوتا ہے۔ راحت تلخ علی خان کے بیٹے شاہان علی خان نے اس موقع پر کہا کہ جو محنتی ہے اس میں صرف صرف حق علی خان صاحب کی جو محنتی ہیں وہ کیا لیکن ہوتی خوش قسمت ہے کہ یہ کہیں اس کے سب بہترین شہر ریمیش اپنے والد صاحب حق علی خان سے موسیقی تعلیم لیتے ہیں۔

بقیہ 6

ٹیرزو روڈ، بنی ٹیوارڈ گلبرگ، مغلانی اقبال روڈ، وحدت روڈ، ڈیفنس روڈ، ٹیرزو روڈ، کینال روڈ، اسفالٹی فلوٹ تھیٹرات کی گئی ہے۔ سی ڈی اتھارٹی مراد نے ایک اجلاس میں کنٹرول روم کا دورہ کیا اور ایمرجنسی ریسکیو ایکٹ کے تحت کچھ کی ہدایت کی۔ سی ڈی اتھارٹی کے

غازی آباد میں پانی کی قلت، مکینوں کی مشکلات میں اضافہ

نیا لگایا جانے والا والو ان میں بھی غازی آباد سے جانب گرجا روڈ کی گلیوں میں من پسند افراد کو پانی کی سپلائی جاری رکھے ہوئے ہے، مکین کینٹ بورڈ متعلقہ افسران کو متعدد بار شکایات کر چکے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی، سابق والو میں واپس کیا جائے، مکینوں کا مطالبہ

راولپنڈی (عمیدالرحمان سے) کینٹ کے علاقے واقع غازی آباد میں پانی کی شدید قلت نے مکینوں کی مشکلات میں شدید اضافہ کر دیا، سابق والو میں واپس لگایا جائے، مکینوں کا سی ای او کینٹ بورڈ راولپنڈی سے مطالبہ، تنصیبات سے۔ سیاسی اثر و رسوخ اور کینٹ بورڈ راولپنڈی کے مطابق غازی آباد کے مکینوں نے عوامی للکار کو بتایا کہ گزشتہ ایک ماہ سے پانی کی سپلائی مکمل طور پر معطل ہے، جس کی بنیادی وجہ والو میں کی تبدیلی افسران کو متعدد بار شکایات کر چکے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی، سابق والو میں واپس کیا جائے، مکینوں کا مطالبہ ہے کہ پرانے والو کو تبدیل کر کے ایک ماہ سے پانی کی سپلائی بحال کی جائے، جس کی بنیادی وجہ والو میں کی تبدیلی قرار دی جا رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 1)

کراچی: بائیکیا رائیڈر کے قتل کا ملزم گرفتار

بائیکیا رائیڈر کو قتل کرنے والے 1 ملزم کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا ملزم فرار ہو گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں گزشتہ ماہ اسکیم 33 کاٹی گوٹھ میں پیٹرول پمپ پر فائرنگ کر کے بائیکیا رائیڈر قتل کرنے والے 1 ملزم کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا ملزم فرار ہو گیا۔ فائرنگ کے واقعے میں پیٹرول پمپ کا 14 ملازم بھی زخمی ہوا تھا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت طفیل کے نام سے ہوئی ہے جو کہ نشے کا بھی عادی ہے۔ (بقیہ نمبر 2)

لاہور: شہری حاجی کیمپ اٹھا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

راحت فتح علی خان کی نصرت فتح علی خان کی قبر پر حاضری

پیمرے اور گھر والوں کیلئے سب سے انفوسٹاک دنوں میں سے ایک قرار دیا، راحت فتح علی خان

لاہور (این این آئی) پاکستان میوزک انڈسٹری کے معروف گلوکار راحت فتح علی خان نے چاہا، کھیڑی گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کی 27 ویں برسی کے موقع پر ان کی قبر پر حاضری دی۔ انہوں نے اپنی ایک تصویر شیئر کی جس میں وہ قبر پر حاضری دیتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ راحت فتح علی خان کا کہنا تھا کہ پیمرے اور گھر والوں کیلئے سب سے انفوسٹاک دنوں میں سے ایک قرار دیا ہے۔ 1 سے 2 بجے کی لاش نکال لی گئی ہے، دوسرے کی تلاش جاری ہے، پی ڈی ایم اے مختلف ٹیمیں (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لخشین میں واقع منزری ڈیم میں 2 بچے ڈوب گئے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق بچے نہاتے ہوئے ڈیم میں ڈوب ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق 1 بچے کی لاش نکال لی گئی ہے۔ دوسرے کی تلاش جاری ہے۔ پی ڈی ایم اے کے ترجمان نے بتایا ہے کہ ڈوبنے والے بچوں کی عمریں 11 اور 12 سال ہیں۔

پشین کے منزری ڈیم میں 2 بچے ڈوب گئے

1 بچے کی لاش نکال لی گئی ہے، دوسرے کی تلاش جاری ہے، پی ڈی ایم اے مختلف ٹیمیں

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مضر صحت کھلے دودھ کی فروخت جاری، انتظامیہ و فاقہ تک محدود

مضر صحت دودھ کے استعمال سے شہریوں کی بڑی تعداد معدہ، جگر، پیٹ و مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگی

علاقے میں پینگنگ برائے نام، چیف ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ راولپنڈی نوٹس لیں، شہریوں کا مطالبہ

راولپنڈی (عمیدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ کے علاقوں میں ملاوٹ والا کھلا دودھ دھڑلے سے فروخت ہو رہا ہے۔ ملاوٹ والے مضر صحت دودھ کے استعمال سے شہریوں کی بڑی تعداد معدہ، جگر، پیٹ و مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگی، کینٹ بورڈ ڈوڈا افسران و حکام و فاقہ تک محدود، علاقے میں پینگنگ برائے نام، کینٹ بورڈ ڈوڈا برانچ کی غفلت و لاپرواہی سے فاقہ اٹھانے (بقیہ نمبر 18)

تاجکستان کے سفیر شریف زود اویسف طور کاوا اور چیئرمین آف کامرس کے صدر کاشف انور شیلا پیش کر رہے ہیں

چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے چار افراد کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

اٹک (این این آئی) ایڈیٹر کمیپ کے علاقے احمال میں گر کے چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے چار افراد کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، ہزاروں افراد کی شرکت، اشکبار آنکھوں کیساتھ مقامی قبرستان میں سپرد خاک۔ تفصیلات کے مطابق اٹک کی تحصیل پنڈی گھیب کے نواحی علاقے احمال میں ظہیر عباس نامی شخص کے کمرے کے اوپر کی چھت چھت گرنے سے اسکی والدہ، بھائی اور دو بچے جاں بحق ہو گئے جبکہ دو افراد شدید زخمی بھی ہوئے۔ (بقیہ نمبر 19)

لینڈ سلائیڈنگ سے شاہراہ قراقرم مختلف مقامات پر بند

ضلع نغر میں لینڈ سلائیڈنگ سے 15 مکانات مکمل تباہ، 59 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا

نغر (این این آئی) گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں شاہراہ قراقرم مختلف مقامات پر بند ہو گئی۔ ڈی سی نغر کے مطابق گلگت بلتستان کے ضلع نغر میں کوہیں کے گاؤں پالگل میں لینڈ سلائیڈنگ سے 15 مکانات مکمل تباہ ہو گئے اور 59 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ لینڈ (بقیہ نمبر 20)

کم جولائی سے 17 اگست تک بارشوں کے دوران 189 افراد جاں بحق

پنجاب میں 68، خیبر پختونخوا میں 65 اور سندھ میں 32 افراد جان کی بازی ہار گئے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک بھر میں کم جولائی سے 17 اگست تک ہونے والی موسلادھار بارشوں سے ہونے والے نقصانات پر رپورٹ جاری کر دی۔ این ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں کم جولائی سے جاری بارشوں (بقیہ نمبر 2)

گیس کے بلز میں بھی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ متعارف کرانے کا فیصلہ

داخلہ ڈویژن ای این ڈی کمپنیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کریں

اجلاس میں پیٹرولیم، خزانہ و محصولات اور توانائی کے وزرا سمیت کمیٹی کے دیگر سرکاری وفاقی شعبے کے ارکان نے شرکت کی

اسلام آباد (اے ایف پی) پیٹرولیم سیکٹر کے مسائل کے حل کیلئے بنائی گئی کمیٹی نے گیس کے بلز میں بھی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ نظام متعارف کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ داخلہ ڈویژن ای این ڈی کمپنیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کریں۔ وزیر پٹرولیم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں پیٹرولیم سیکٹر کی ای این ڈی کمپنیوں کو درپیش مسائل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں پیٹرولیم، خزانہ و محصولات اور توانائی کے وزرا سمیت کمیٹی کے دیگر سرکاری وفاقی شعبے کے ارکان نے شرکت (بقیہ نمبر 23)

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم میں ایپ کرکٹ پلیٹ فارم کے تحت تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

آئی ایم ایف کے رواں ماہ ایگزیکٹو بورڈ اجلاس کا کلینڈر جاری

ایگزیکٹو بورڈ اجلاس میں شیڈول سے ہٹ کر بھی اجلاس ہو سکتا ہے، معاشی ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) اگست کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس کا کیلنڈر جاری کر دیا گیا ہے جس میں پاکستان کا اجلاس شامل نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 28 اگست کو آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (بقیہ نمبر 24)

وزارتوں کی ای آفس منظلی، وزیراعظم کا اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے کا نوٹس

ہدایات پر عمل درآمد کیلئے وفاقی وزارتوں، ڈویژنز کو خط لکھ کر 2 ہفتوں کی مہلت دی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز کی ای آفس پر منظلی کے اپنے احکامات پر عمل نہ ہونے پر برہمی ظاہر کرتے ہوئے معاملے کا نوٹس لے لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایات پر عمل درآمد کیلئے 2 ہفتوں کی مہلت دیتے ہوئے تمام وزارتوں اور ڈویژنز کو مینوئل فائلنگ ختم سے اپنی آفس (ای فائلنگ) پر فوری منتقل ہونے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 25)

تحریک انصاف کی سینٹرز جہانگیر ترین، علیمہ خان، 9 مئی کے بارہ کیسز میں حاضر ہیں، حاضرین کنٹرم ہونے کے بعد عدالت کے باہر گفتگو کر رہی ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ساتھ ہیں سول سرجن ڈی جی خان ڈاکٹر عبدالرحمان کھوسہ، سینئر سرجن ڈاکٹر عبدالرحمان کھوسہ، ایم ایس ڈی جی خان